مغربی جرمنی میں مقیم ایک خوب رو پاکستانی، سنی عقیدہ جوان لڑکے کے لیے ایک خوبرو مسلمان، تعلیم یافتہ دوشیزہ کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکا کیمسٹری میں ڈاکٹریٹ کرنے کے بعد یونیورسٹی میں اعلیٰ تنخواہ پر ملازم ہے۔ مزید تفصیل کے لیے پتہ ذیل پر رجوع کیجیے:

A. Q.
P. O. BOX 413, STN. 'A'
LONGUEUIL, P. Q.
CANADA

●

پروفیشنل ٹیکنالوجسٹ پاکستانی کے لیے مسلم ایمیگرنٹ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

AHMAD
C/O CRESCENT

●

معزز خاندان کی مسلمان پاکستانی لڑکی عمر ۳۲ سال، کینیڈین ایمیگرنٹ بی۔ اے، بی۔ ایڈ، قبول صورت کے لیے فوری مناسب رشتہ درکار ہے۔ پہلے ہی خط میں ضروری تفصیلات اور فون نمبر سے آگاہ کریں۔

Z. A.
C/O CRESCENT

●

سنی العقیدہ، مہاجر، شریف اور سنجیدہ لڑکا جس نے حال ہی میں ٹورانٹو سے ٹیکنیکل فیلڈ میں ڈپلومہ حاصل کیا ہے کے لیے سنجیدہ خوبصورت ایمیگرنٹ لڑکی کا رشتہ فوری درکار ہے۔ جلد کوائف کے ساتھ خطوط تحریر فرمائیں۔ خط و کتابت صیغۂ راز میں رکھنے کی مکمل ضمانت دی جاتی ہے۔

M. KHAN
C/O CRESCENT

ضرورت ہے

تندوری پکوان کی تربیت کے لیے باورچی کی ضرورت ہے۔ ابتدائی اُجرت ساڑھے تین ڈالر تا چار ڈالر فی گھنٹہ ہوگی۔ خواہشمند ۳ تا ۶ بجے کے درمیان پتہ ذیل پر تشریف لائیں

دربار اکبری
384 ینگ اسٹریٹ
ٹورانٹو

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

انٹرویو: حسنی (ٹورانٹو)

یکجہتی نصب العین کے بغیر ناممکن ہے ——— خرم جاہ مراد

یاسیت، ناامیدی اور بے سروسامانی کی کیفیت میں جناب خرم جاہ مراد جیسے لوگوں کے ساتھ جب اچانک مڈبھیڑ ہو جائے تو سیاہ تاریکیوں میں بھی امید کے دیئے ٹمٹمانے لگتے ہیں۔ نہ صرف دینی اور مذہبی امور پر موصوف کی گہری نظر ہے بلکہ دنیاوی علوم میں بھی ان کا اپنا ایک الگ مقام ہے۔ کراچی سے سول انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد انڈیانا یونیورسٹی امریکہ سے پوسٹ گریجویٹ ڈگری حاصل کی۔ ۱۲ سال تک مشرقی پاکستان میں رہے۔ سقوط ڈھاکہ کے بعد ۲ سال تک جنگی قیدی کی صعوبتیں برداشت کیں۔ پھر مغربی پاکستان اور بعد میں سعودی عرب ان کی انجینئرنگ مہارت اور دینی خدمات سے مستفید ہوتے رہے۔ آج کل جناب خرم جاہ مراد لیسٹر انگلستان میں اسلامک فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ہیں۔ یہ ادارہ عصر حاضر کی ایک بلند پایہ انسٹیٹیوشن ہے۔ جہاں گیارہ ریسرچ فیلوز کام کر رہے ہیں۔ ایک بہت بڑے سوالیہ نشان کی پرچھائیں جلد ہی تیوری کی لکیروں میں بٹ گئیں اور پھر دوسرے لمحے وہ لکیریں جناب خرم کی دوررس نگاہوں کے دوش پر کرۂ ارض کے گرد پرواز کر رہی تھیں۔

س: مغربی پریس میں جو اسلام بیدار ہو رہا ہے اس کے محرکات کیا ہیں۔

ج: مغرب اور اسلام کا تعلق بہت پرانا ہے۔ پہلی صدی میں ہی اسپین کے بعد اسلام کا بہاؤ فرانس تک پہنچ چکا تھا اور مسلمان ویانا اور استنبول کے دروازے پر بھی دستک دے چکے تھے۔ اس کا ردعمل کروسیڈ CRUSADE کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اسلام کے خلاف پروپیگنڈے کی مہم اسی وقت سے شروع ہو چکی تھی۔ جس وقت مغرب نے دنیا پر قبضہ کیا تو تسلط جمانے کے لیے اسلامی معاشرے سے برسرپیکار ہونا پڑا۔ اب بھی یہ خطرہ ذہنوں میں لاحق ہے کہ مسلمانوں کی نظریاتی قوت انہیں دوبارہ اس تسلط سے بے دخل کر سکتی ہے۔ مغربی تہذیب کا اسلامی تعلیمات سے براہ راست تصادم ہے۔ لادینیت، قوم اور مادہ پرستی گویا ایک تہذیب کا دوسری سے ٹکراؤ ہے۔ اس وقت دنیا میں جہاں کہیں بھی سیاسی کشمکش ہو رہی ہے وہاں مغربی مفادات مسلمانوں کی زد میں ہیں۔ مسلمان آزاد اور متحد رہ کر ہی اپنے دین، تہذیب اور عقائد کا تحفظ کر سکتے ہیں جو مغرب کو گوارا نہیں۔ لہٰذا جھوٹ، تعصب، غلط بیانی اور بعض حالتوں میں غلط فہمی کی بنا پر بھی اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کی مہم جاری ہے۔

س: اس پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے کے لیے کیا کسی سطح پر اسلامی بلاک کے لیے کوشش ہو رہی ہے؟

ج: اسلامی بلاک کے لیے کوشش تو بڑی ہو رہی ہے۔ اسلامی وزرائے خارجہ کی کانفرنس ابھی حال ہی میں ہو چکی ہے۔ یہ سب اقدامات خوش آئند ہیں۔ مگر جب تک ہمارے سامنے کوئی نصب العین نہ ہو اس وقت تک یہ بلاک مؤثر نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ ہم مقامی اور ملکی مفادات کو بین الاسلامی مفادات پر ترجیح نہ دیں اس وقت تک ہمارا مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔ بدقسمتی سے اس وقت بیشتر مسلمان ممالک کی قیادت ایسے مغرب پرست لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جو خود اپنے عوام کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ان کے دلوں میں اسلام یا مسلمانوں کی محبت کا جذبہ کہاں ملے گا۔ ظاہر ہے ذاتی مفادات ہی ایک دوسرے سے قریب ہونے میں حائل رہیں گے۔ اصل منزل تک پہنچنے کے لیے اسلامی نصب العین اختیار کرنا لازمی ہے۔ جس کے لیے پیہم جدوجہد کی ضرورت ہے۔

س: قیادتوں سے ہٹ کر اگر ہم ملت کی عام آبادی کو لیں تو یکجہتی کا ٹورانٹو جیسے شہر میں جہاں مسلمانوں کی آبادی تقریباً ستر ہزار کے قریب ہے، جہاں ہماری قوتیں یکجا ہونے کی بجائے ایک دوسرے سے برسرپیکار ہیں۔ اختلافات کو ختم نہ سہی کم کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ وہ کون سی چیز مسلمانوں کو متحد کر سکتی ہے؟

ج: وہ صرف اسلام کا نام نہیں اور نہ ہی مسلمان ہونا کافی ہے۔ بلکہ ہمارے اتحاد کے لیے یہ لازم ہے کہ ہم اسلام کے مشن اور مقصد کے لیے کام کریں۔ ہماری یہاں موجودگی بنیادی طور پر معاشی ضروریات کے تحت یا تعلیمی نوعیت کی ہے۔ ہم اپنے ساتھ وہ تمام بیماریاں بھی لائے ہیں جس کا شکار یہ امت دنیا کے ہر گوشے میں ہو رہی ہے۔ ذاتی مفاد مشترکہ مفاد پر حاوی ہے جس کا نتیجہ فطری ہے کہ ہم آپس میں جدا جدا گروہ ہیں۔ اتحاد و تنظیم صرف اسی صورت میں پیدا ہو سکتی ہے کہ ہم میں سے کوئی ایسا گروہ اٹھے جو سارے گروہی تعصبات سے بالاتر ہو کر اسلامی نصب العین کی روشنی میں کام کرے۔ اور مقامی مسائل کو حل کرنے میں مدد دے۔ مگر صرف تنظیمیں بنانے اور سطحی کام کرنے سے اتحاد کی امید نہیں ہو سکتی۔

س: نسلی تعصب سے انگلستان تو جل ہی رہا ہے اب یہ وبا انگلستان سے باہر پھیل رہی ہے۔ کیا یہ کسی بین الاقوامی سازش کا نتیجہ ہے؟

ج: میں تو نہیں سمجھتا کہ یہ کسی سازش کا نتیجہ ہے اور نہ ہی ہر صورت حال کو سازش پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ یہ فطری بات ہے کہ جہاں کہیں بھی رنگ و نسل کا تضاد آیا وہاں تعصب نے جنم لیا۔ جہاں یہ محسوس ہونے لگے کہ ایک نسل دوسری نسل سے بہتر ہے اور ایک نسل سے دوسری نسل کے معاشی مفادات کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو تعصب پیدا ہو گیا۔ اس کا صرف ایک ہی علاج ہے کہ اس شعور کو بیدار کیا جائے کہ تمام انسان ایک ہی جیسے ہیں ——— یورپ نے جنگ عظیم کے بعد بڑے پیمانے پر سستی لیبر درآمد کی۔ یہ لیبر غریب و خوار کے غریب ممالک یا نوآبادیوں سے میسر آئی۔ اگر یہ سستی لیبر نہ ملتی تو آج کی معاشی ترقی ادھوری ہی رہ جاتی۔ اب جبکہ یہ مقصد حل ہو چکا ہے تو تارکین وطن مقامی آبادی کو ناقابل برداشت بوجھ محسوس ہوتے ہیں۔ دوسرے عوامل یہ ہیں کہ سفید نسل خود کو رنگ دار نسل سے برتر سمجھتی ہے اور وہ تارکین وطن جن میں رنگدار نسل سے انہیں دوسرے درجے کے شہری دیکھنا ان کے لیے زیادہ موزوں ہے۔

س: تو اس بڑھتے ہوئے تعصب کے پیش نظر مسلمانوں کا مستقبل کیا واقعی تاریک ہے؟

ج: فی الوقت یہ کہنا مشکل ہے کہ ہمارا مستقبل یہاں تاریک ہو گا۔ جہاں اس کا انحصار مسلمانوں کے اپنے طرز عمل پر ہے وہاں کسی حد تک اس کا انحصار بین الاقوامی صورت حال پر بھی مبنی ہے۔ اگر بین الاقوامی طور پر مسلمان کوئی طاقت حاصل کر لیتے ہیں تو یقیناً یہاں بھی مسلمان محفوظ رہیں گے۔ اگر بین الاقوامی افق پر مسلمان کمزور رہے اور یہاں بھی تعصب شدید ہوتا چلا گیا تو مستقبل تاریک بھی ہو سکتا ہے۔ مسلمانوں کے اپنے طرز عمل سے مراد یہ ہے کہ ہم یہاں کس حد تک گروہ بندیوں میں منقسم اور ذاتی مفادات پر اجتماعی مفادات کو قربان کرتے چلے جاتے ہیں اور کس حد تک ہم اپنے ماحول کو صحت افزاء بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ ظاہر ہے یہ وہی نظریہ ہے جس کی ابتداء [illegible] سے کی تھی۔ پھر وہی بات آجاتی ہے کہ مغرب اور اسلام کا تعلق بہت پرانا ہے۔ اس تعلق کو [illegible] جانا چاہیے۔ ▲

مزید بڑے انعامات

PLAY THE PROVINCIAL NOW

MORE BIG PRIZES

5 EXTRA CHANCES AT $100,000.
LOOK FOR THE NUMBER OVER THE SUN

ایک لاکھ ڈالر جیتنے کے پانچ مزید مواقع



اس کے علاوہ ایک ملین ڈالر کے دس مواقع، ایک ہزار ڈالر کے بے شمار انعامات، سو ڈالر، بیس ڈالر اور دس ڈالر کے نقد انعامات — اور دوسرے ہزاروں مفت ٹکٹ۔

آئندہ قرعہ ۱۲ ستمبر

The Provincial
A better chance for everyone

$5 COULD MAKE YOU A MILLIONAIRE!

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

پاکستان سے نکل کر غیر ممالک میں بسنے والوں کی تعداد اب خاصی ہو چکی ہے۔ انگلینڈ سے نکل کر چند یورپین ممالک میں پھیلنا شروع ہو گئے۔ لیکن یورپ کے دوسرے ممالک میں زبان کی سخت مشکل تھی۔ پاکستانی زبانیں سیکھنے میں بڑے پھوہڑ ہوتے ہیں۔ انگریز کے پاس صرف ایک زبان ہوتی ہے — انگریزی۔ وہ دوسری کوئی اور زبان سیکھنے کا قائل نہیں ہوتا ہے (اکثریت کی بات ہو رہی ہے) کم و بیش اسی طرح پاکستانی بھی یہی سمجھتا ہے کہ اگر انگریزی بولنی آتی ہے تو ہر ملک کے لوگ اس کو سمجھتے ہوں گے۔ اور اسی لیے کسی اور دوسری زبان کے سیکھنے کی ضرورت نہیں۔ اسی زبان کی مجبوری کی وجہ سے فرانس، جرمن اور اسپین وغیرہ میں پاکستانی تنکے کے برابر ملیں گے۔ اور انگلی پوروں جیسے ملکوں میں تو دو دو کے پیچھے ہی مشکل سے مل سکیں گے۔ اس لیے جب انگلینڈ سے دل ہو گئے تو کینیڈا اور امریکہ ہجرت شروع کر دی۔

پاکستان سے نکلنے کی دو اہم وجوہات ہیں:
(ا) حصولِ علم (ب) تلاشِ معاش

مغرب میں اعلیٰ تعلیم کے بعد پاکستان میں کیریر بنانے میں مختلف مشکلات آڑے آتی تھیں اسی لیے ایک بڑی تعداد مغرب میں ہی رہ گئی۔ جو لوگ معاش کی تلاش میں آئے تھے ان کو لد چھد لادنے کی نوکری میں بھی پاکستان سے چار گنا زیادہ پیسے مل رہے تھے۔ لہٰذا ان کی واپسی کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اسی لیے پرکالا سے انگلینڈ کو کڑکی مار بنا کر رکھ دیا پاکستانیوں نے۔

گزشتہ پانچ چھ سالوں میں مغرب کے معاشی حالات ایسے بدلے کہ ایک طرف تو اخراجات دوگنے سے زیادہ ہو گئے۔ آمدنیاں بڑھ نہ سکیں اور سکے کی قیمت گر گئی۔ پہلے پاکستانی جب مغرب سے پونڈ یا ڈالر کما کر چھٹی پر پاکستان جاتا تھا تو ہاتھ کھول کر خرچ کرتا تھا۔ لیکن اب پانچ چھ سالوں میں حالت یہ آن پہنچی ہے کہ جب مغرب میں مقیم پاکستانی چھٹی پر پاکستان جاتا ہے تو جیب سے نوٹ نکالتے ڈرتا ہے۔ کسی دوکان میں داخل ہونے سے پہلے دو دو مرتبہ سوچتا ہے۔ پاکستان کے مختصر قیام کا بوجھ وہ بمشکل برداشت کر پاتا ہے۔ پاکستان چھٹی پر جانے آنے اور پاکستان کے قیام میں اس کی تین چار سال کی کمائی صاف ہو جاتی ہے۔ اس میں کچھ تھوڑا قصور پاکستان جانے والوں کا بھی ہے۔ رہتے تو مغرب میں ہیں لیکن ذہنیت وہی مشرقی۔ اسی لیے جانے سے پہلے تمام عزیز و اقارب کے لیے تحفے تحائف خریدنا ضروری ہو جاتا ہے۔ ایک کے لیے کچھ لیا تو دوسرے کے لیے بھی اور پھر تیسرے کے لیے اور اس کے بعد بس گنتی گنتے چلے جائیے۔

تحائف کی بات نکلی ہے تو چلتے چلتے پاکستان میں تحفہ دینے کا جو حشر ہوتا ہے اس کو بھی اختصار کے ساتھ سنا دوں۔ وہاں اپنے کسی ایسے عزیز سے ملنے کے لیے جانا پڑا جن کے لیے یہاں مغرب سے کچھ نہیں لیا تھا تو سوچا مدتوں سے برفی نہیں کھائی ہے، سیر ڈیڑھ سیر لیے چلتے ہیں۔ مجھے چائے تو پلائی جائے گی اور اس کے ساتھ میری لائی ہوئی برفی بھی یقیناً پیش کی جائے گی۔ چنانچہ حلوائی سے کہا "میاں پہلوان! آج برفی کس بھاؤ دے رہے ہو؟" ہمارے یہاں دوکاندار کی ذہنیت یہ ہوتی ہے کہ "لینا ہو تو لو ورنہ آگے بڑھو"۔ اسی لیے میرے سوال کا حلوائی صاحب نے شرافت سے جواب دیا "بھاؤ لکھا تو ہوا ہے۔ پڑھنا نہیں آتا؟" میں نے کہا ڈیڑھ سیر ڈبے میں ڈال دیں۔ اس پر حلوائی صاحب گویا ہوئے "آٹھ آنے زیادہ پڑیں گے" میں نے سوچا "آنہ" ختم ہوئے کئی سال گزر چکے ہیں لیکن عام بول چال میں یہ لفظ اب بھی خوب استعمال کیا جا رہا ہے —!

بہرحال بڑے ڈبے میں ڈیڑھ سیر برفی لے کر ان عزیز کے گھر پہنچے۔ جب میں نے ڈبہ دیا تو نہ کسی نے اس کو کھول کر دیکھا اور نہ ہی شکریہ ادا کیا گیا۔ بس نہ جانے وہ کہاں اور کیسے آنکھوں سے اوجھل ہو گیا — میں نے اپنے آپ کو تسلی دیتے ہوئے کہا میاں گھبراتے کیوں ہو۔ چائے کے ساتھ تمہاری برفی ضرور نمودار ہوگی۔ تھوڑی دیر بعد گھر کا ایک لڑکا باہر بھیجا گیا۔ کوئی آدھ گھنٹے بعد وہ کچھ لیے واپس ہوا۔ ایک گھنٹہ بعد چائے آئی۔ چائے کے ساتھ اراروٹ کے بسکٹ اور باہر سے منگوائی ہوئی گلاب جامنیں کھانے کو ملیں۔ جب وہ لڑکا اندر سے باہر دروازے میں آتا میں اس کی طرف اس امید سے دیکھتا کہ شاید اب میری برفی آ رہی ہوگی۔ مگر ------

مغرب میں مقیم پاکستانی کی مالی حالت پاکستان میں مقیم اپر مڈل کلاس سے بہتر نہیں۔ دونوں کے لائف اسٹائل میں بڑا فرق ہے۔ پاکستان میں رہنے والے کے پاس چھوٹی جاپانی کار، خوبصورت سا مکان، جو کیبل، ٹی وی، فریج اور مختصر سا فرنیچر ہوتا ہے۔ ہفتہ میں ایک مرتبہ خاندان والوں کو کار میں ٹھونس کر چاٹ کھانے چلے گئے، آئس کریم، قلفی یا ایسی ہی کوئی تفریح جس پر ایک شام میں سو ڈیڑھ سو روپیہ بغیر ہچکچاہٹ کے خرچ کر دیا جاتا ہے۔ جہاں تک کام کا تعلق ہے تو آفس کے اوقات تو ایک طرف، اصل کام کوئی ۴۵ منٹ روزانہ سے زیادہ نہیں ہوتا۔ بیگم سے کسی آفس کا کام تو تھا، ان سے گھر کا کام تک بھی نہیں ہوتا۔ گھریلو کام میں مدد کرنے کے لیے ایک لڑکا ملازم ہوتا ہے اس طرح انھیں گپ شپ اڑانے کے لیے کافی وقت مل جاتا ہے۔

مغرب میں رہنے والے پاکستانیوں کے پاس کار تو کم و بیش لازمی ہو جاتی ہے۔ مکان خریدنے والوں کی تعداد دو فیصد سے بھی کم ہوتی ہے۔ جو بھی ملازمت کرتے ہیں اس میں بڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ امریکہ اور کینیڈا جیسے ممالک جن کے لیبر قوانین یورپ سے برسوں پیچھے ہیں، لوگوں کو بارہ سے چودہ گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے۔ بیگم اگر باہر کہیں ملازم ہیں تو کام سے واپس آ کر گھر کا سارا کام بھی خود ہی انجام دیتی ہیں۔ کوئی شبراتی یا رمضانی ان کی مدد کے لیے نہیں رکھا جا سکتا۔

تین چار سال کی جی توڑ محنت کے بعد جب یہ تحائف لیے چھٹی پر وطن جاتے ہیں تو پہلے تو تحائف دیکھ کر کوئی بھی کسی خاص خوشی یا تشکر کا اظہار نہیں کرتا۔ اکثر یوں ہوتا ہے کہ جو چیزیں لوگ یہاں سے لے کر جاتے ہیں ان میں سے بیشتر چیزیں وہاں مل جاتی ہیں۔ اگر کسی کے لیے غلطی سے قیمتی کپڑے لے گئے تو لوگ انھیں وہاں پہنتے گھبراتے ہیں کہ لوگ پوچھیں گے لوری بازار سے کتنے میں خریدا؟

ہم نے چھٹی سے واپسی پر بار بار سوچا کہ اب کی بار کوئی تحفہ نہیں لے جائیں گے۔ جان توڑ محنت کی کمائی اور شاپنگ پر صرف کیے ہوئے وقت کی ناقدری پر ظاہر ہے اور کیا سوچتے ——— لیکن پھر جب بھی سفر کا ارادہ ہوا ذہن میں تحائف کی فہرست بننے لگی۔ مشرقی دل چوٹ کھانے کے باوجود نہیں مانتا کہ اتنی دور سے خالی ہاتھ کیسے جائیں —!!

★ ★ ★



"عید مبارک" تو گزر گئی... البتہ "مہنگائی پر مستقل مبارک" ہو —!

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

بے قراری و قرار

حال نہیں ہوتا ہے بے قراری کا مری
دل نے چھوڑا ہے نہیں بارِ رسن تڑپنا کوئی ہو
— امیر مینائی

•

کچھ جھوٹ نہیں اب علاج بے قراری کیا کروں
کہ دیکھا تو اس نے دل پر تو آپ دل دیا کیا
— مومن

•

موت آتے ہی بھی کہ وہ ہو آ جائے
کسی بے چین دلِ مضطر کو قرار آ جائے
— نامعلوم

•

بے قراری سے مری دنیا تہ و بالا نہ ہو
ضبطِ قلبِ مضطرب محشر کہیں برپا نہ ہو
— نامعلوم

•

شبِ وصل بھی ہے وہی بے قراری
تڑا زمانے سے کیا میرا دل ہے
— نامعلوم

•

لے گیا چھین کے کون آج ترا صبر و قرار
بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی
— بہادر شاہ ظفر

پچھلے سال کی آخری نظم

رات بھر زنجیر کاٹوں
اک نئی زنجیر پہنوں
اپنی ان بے خواب آنکھوں میں
سنہرے خواب بُن کر
چند اک سیماب پا بے ورد لمحے کو
ربڑ کی طرح کھینچوں
اور ان لمحوں کی گرہوں میں
پھر اپنے خواب باندھوں

اب مری سوچوں میں گرہیں
اب مری سانسیں وبال
اب مری دھوپوں میں گرہیں
اب مرے سائے بھی جال
اب مرے اطراف گرہوں کا طلسم
شہد کی مکھی کے چھتے کی طرح جکڑا ہوا گرہوں میں جسم
(اب جو ان گرہوں کو کھولوں اک صدی پہ پھیل جائیں)
صبح دم بستر پہ تھک کر چور گرتا ہوں
تو اب یہ سوچتا ہوں
رات بھر زنجیر کاٹوں کاٹتا جاؤں مگر
کیوں نئی زنجیر پہنوں
کیوں کوئی زنجیر پہنوں!

شاہین



بہنوں کی محفل

تعلیم نسواں کی تحریک کا ابتدائی دور

چند دلچسپ تاریخی حقائق

اگرچہ اسلام نے علم کے حصول کو ہر مسلمان مرد و عورت کا فرض قرار دیا ہے اور اسلام واحد مذہب ہے جس نے کسی صنفی امتیاز کے بغیر ہر مرد و زن کے لیے تعلیم کی تاکید کی ہے۔ بیشتر مذاہب میں تعلیم یا تو خاص طبقے کے مردوں کے لیے مخصوص ہے یا انہوں نے عورتوں کی تعلیم و بہبود پر مکمل خاموشی اختیار کر لی ہے۔ بعض مذاہب نے تو عورتوں کی تعلیم کی مخالفت و مخالفت بڑی شدت سے کی ہے۔ مثال کے طور پر ہندومت ہے۔ اس [illegible] تنگ نظری کا یہ عالم ہے کہ عورتوں کی تعلیم کا تو [illegible] کیا ہر کارِ ماں قوم کا حصول بھی صرف ایک خاص [illegible] کے مردوں تک مخصوص ہو کر رہ گیا تھا۔

چنانچہ یہی کیفیت انسانی تہذیب و تمدن کے اصول و اقتدار میں پائی جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ مختلف مذاہب سے متاثر ہو کر وجود میں آئیں اس لیے ان تہذیبوں میں اگر عورت کی تعلیم و تربیت نہیں ہے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔ دنیا کے قدیم ترین تمدنی گہواروں مثلاً مصر، یونان، روم اور ایران میں عورتوں کا علمی میدان میں کوئی حصہ نظر نہیں آتا۔ ان کی زیادہ سے زیادہ عزت افزائی شاہی دربار تک رسائی تھی۔ قدیم ہندوستانی تہذیب نے عورتوں کو ذلیل و خوار کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ منو کے مرتب کردہ معاشرتی ضابطہ کے تحت عورتوں کی تعلیم تو بہت دور کی بات ہے ان کی معمولی انسانی آزادی پر بھی شدید حدود و قیود عاید تھیں۔ شادی سے پہلے وہ باپ کے قبضۂ اختیار میں تھیں اور شادی کے بعد شوہر کے قبضۂ قدرت میں۔ بیٹے اور شوہر مر جاتے تو اس کے بیٹوں کی حکومت کے تابع ہوتیں۔ حتیٰ کہ عورت کو کبھی آزاد و خود مختار ہونے تک نہیں پہنچنے دیا۔ بچپن ہی میں شادی اور بیوہ ہو جاتی تو شوہر کی چتا کے ساتھ ستی ہونا اس کے لیے قابلِ فخر ٹھہرایا گیا۔ یہی وہ ہندو قوم اور اس کی معاشرتی رسوم ہیں جنہوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کے ذہنوں کو بھی متاثر و مسموم کیا اور معاشرت بھی بہت بڑی حد تک ہندو معاشرت کا چربہ بن کر رہ گئی۔

قدیم ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشرت پر ہندو معاشرت کی چھاپ بہرحال موجود تھی اور اس کے زیر اثر مسلمان بھی تعلیم نسواں سے روگردانی کرتے رہے۔

حالانکہ یہ ذہنیت اسلام کے سراسر منافی تھی، پھر بھی ایک دور ایسا آیا جب عورتوں کی تعلیم کے خلاف مسلمان بھی پوری شدت کے ساتھ متحرک ہو گئے۔

سرسید احمد خاں کو برصغیر کے مسلمانوں میں جدید تعلیم کا بانی و پیش رو کہا جاتا ہے اور اس میں کسی شک و شبہ کی یقیناً کوئی گنجائش نہیں مگر یہ امر بہت تعجب انگیز ہے کہ سرسید احمد خاں اپنی تمام ترقی پسندی کے باوجود مسلمان خواتین کی تعلیم کے معاملہ میں نہایت قدامت پسند ذہن رکھتے تھے اور تعلیم نسواں کی حمایت کرنے والوں کا مضحکہ اڑاتے تھے۔ تاہم یہ امر عجیب تر ہے کہ سرسید ہی کے ایک شاگرد و معتقد مسلمان نے انہی کے زیر سایہ اور علی گڑھ ہی کی سرزمین میں تعلیم نسواں کا پودا لگایا، اس کی آبیاری کی اور بالآخر اسے سرسبز و شاداب بھی بنا کر دم لیا۔ سرسید احمد خاں کے یہ شاگرد و معتقد ڈاکٹر شیخ محمد عبداللہ تھے جنہوں نے سرسید کی ماتحتی میں کام کرتے ہوئے اپنے استاد کی مخالفت کو جانتے ہوئے بھی مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کے مشن کو سنبھالا اور اس خواب کو عملی جامہ پہنا کے چھوڑا۔

کہنے کا مقصود یہ ہے کہ سرسید کی تمام تر تعلیمی جدوجہد صرف مسلمان لڑکوں کی انگریزی تعلیم تک محدود تھی۔ اس انگریزی تعلیم کی حمایت میں وہ یہاں تک آگے بڑھ گئے کہ دیسی زبانوں میں تعلیم کی مخالفت بھی کر جاتے تھے۔ اس دور کے مولوی حضرات جس طرح سے لڑکوں کی انگریزی تعلیم کو کفر و الحاد قرار دیتے تھے، بعینہ اسی طرح سرسید لڑکیوں کی جدید تعلیم کو قابلِ مذمت گردانتے تھے۔

۱۸۸۸ء میں خواتین پنجاب نے سرسید کی ایک تقریر پیش کیا جس میں بڑے عجز و بے بسی کے ساتھ عورتوں کی تعلیم کی خواہش اور ضرورت ظاہر کی گئی۔ ان خواتین نے یہ خواہش بھی کھلے الفاظ میں نہیں بلکہ دبے دبے لفظوں میں کی لیکن اس کے جواب میں سرسید نے کھلے طور پر عورتوں کی تعلیم کی مخالفت کی۔ انہوں نے خواتین کو نصیحت کی کہ وہ پرانا طریقۂ تعلیم اختیار کریں جس کے تحت گھر کی کوئی بزرگ خاتون پڑھا دیتی تھیں اگر لڑکیوں کو مکتب بھیجنا ہوتا تو اس کے گھر کی بڑی بوڑھیاں لڑکیوں کی استانیاں ہوتی تھیں۔ سرسید احمد خاں نے اعتراف کیا کہ شامت اعمال سے یہ قدیم سلسلہ درہم برہم ہو گیا ہے اور اب اسے پھر شروع کرنا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ عورتوں کو تمام مفید تعلیم نہایت عمدگی سے ان کتابوں سے حاصل ہوتی ہے جو ان کی نانیاں اور دادیاں پڑھتی تھیں۔ اس زمانے کی نامفید اور نامبارک کتابوں کی (یہ سرسید احمد خاں کے الفاظ ہیں) عورتوں کو کیا ضرورت ہے؟

بہرحال سرسید ہمیشہ لڑکیوں کے لیے جدید تعلیم کی مخالفت کرتے رہے۔ ڈاکٹر شیخ عبداللہ جو سرسید کے دور کے تمام ادوار میں کٹر حامی، معتقد اور قابلِ اعتماد رفیق تھے، حیران ہوتے تھے کہ خاص اس معاملہ (عورتوں کی تعلیم) میں سرسید کیوں روح اور ولچ کے اتنے دلدادہ کیوں ہیں؟ غالباً سرسید کو اندیشہ تھا کہ مسلمان لڑکیاں تعلیم حاصل کر کے پردہ ترک کر دیں گی۔

ڈاکٹر شیخ محمد عبداللہ اپنی خود نوشت "تاثرات و مشاہدات" میں لکھتے ہیں: "سرسید کی مخالفت کسی مذہبی تنگ خیالی پر مبنی نہیں تھی، اس کی جڑیں سرسید کی قدامت پرستی و پردہ پرستی میں تھیں۔ چنانچہ ایک طرف تو سرسید نیچری اور ملحد قرار پائے اور دوسری طرف ان کی شخصیت میں قدامت و رواج پرستی کا اتنا شدید عنصر پایا گیا۔"

تعلیم نسواں کے خلاف دوسرے مسلمان حلقے یہ دلیل پیش کرتے تھے کہ اسلامی حکومت میں لڑکیوں کے لئے مدارس بھی قائم نہیں کئے گئے اس لئے زنانہ مدرسوں کا قیام اسلامی روایات کے خلاف ہے۔ بعض لوگ ایسی باتیں کہتے تھے کہ شرافت گوارا نہیں کرتی کہ لڑکیاں سکولوں میں جا کر پڑھیں کیونکہ ان سکولوں میں اعلیٰ و ادنیٰ سبھی خاندانوں کی لڑکیاں ہوں گی اور وہ آپس میں ملیں گی۔ دوسری سو سمجھ کی دلیل کچھ لوگ اس کے خلاف پردہ کو دلیل بناتے تھے۔ لیکن یہ کوئی شرعی پردہ نہیں محض رواجی پردہ کی بات تھی۔

یوں مسلمانوں میں تعلیم نسواں کی مخالفت شدید تھی ایسے میں ڈاکٹر شیخ محمد عبداللہ نے قوم کی بیٹیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کا وہ بیڑہ اٹھایا جس کی مخالفت میں مخلف طبقے سرسید کی جدید تعلیم سے بھی زیادہ سرگرم اور کٹر تھے لیکن ڈاکٹر عبداللہ نے ہمت نہیں ہاری۔ یہ حسن اتفاق کہیے یا ایک دلچسپ امر کہ ان دنوں تعلیم نسواں کی حمایت کرنے والے رہنماؤں میں جو تین افراد پیش پیش تھے وہ تینوں مختلف رسائل کے ایڈیٹر تھے۔ پہلے نمبر پر تو ڈاکٹر شیخ محمد عبداللہ ہی جو ماہنامہ "خاتون" علی گڑھ کے ایڈیٹر بھی تھے اور اس جریدے سے انہوں نے تعلیم نسواں کا پیغام عام کرنے میں بڑا کام کیا۔ دوسرے ایڈیٹر ماہنامہ "تہذیب النسواں" لاہور کے مولوی ممتاز علی اور تیسرے ایڈیٹر "عصمت نامہ" پیسہ اخبار لاہور کے مولوی محبوب عالم تھے۔ لیکن ان تینوں میں سے تعلیم نسواں کی تحریک کی عملی تعبیر کا شرف "خاتون" کے ایڈیٹر ڈاکٹر شیخ محمد عبداللہ کو حاصل ہوا۔ یہاں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ مسلمان زعماء کے جس اجلاس میں تعلیم نسواں کی قرارداد منظور ہوئی اس کی صدارت جسٹس شاہ دین بیرسٹر تھے کی جو لاہور کی معروف شخصیت تھے۔ اس طرح ۱۹۰۶ء میں ایک چھوٹا سا مدرسہ علی گڑھ میں قائم ہوا جو آج کل یونیورسٹی کالج بن چکا ہے۔

یہ بچوں کا سال ہے!

اس لیے

"کریسنٹ" میں بچوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہیں۔ خواہشمند بہنیں بھی اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتی ہیں ——— (ادارہ)

عظمیٰ باری — میمونہ باری

ریڈرز نوٹ

"کریسنٹ" کے تاخیر سے پہنچنے کی شکایت رکھنے والے قارئین صفحہ ۳۲ پر "ریڈرز نوٹ" ملاحظہ فرمائیں۔ شکریہ! (ادارہ)

آپ کے خطوط

مدیر محترم! تسلیم

باز با بد فہم و عقل بے قیاس
تا شود خاموش یک حکمت شناس
(عطار)

آپ کے نامہ نگار ظریف صاحب نے پچھلے شمارے میں میرے مضمون "دینی علم اور ہماری زندگی" پر جو تبصرہ فرمایا ہے اس پر ہارون گھٹنا پھوڑ لے آنکھ والی مثال صادق آتی ہے۔ تعجب ہے کہ مضمون اردو میں ہونے کے باوجود ظریف صاحب کی سمجھ میں نہ آ سکا۔ جانے وہ کیونکر اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس مضمون میں اسلام کو ایک فرسودہ مذہب بنایا گیا ہے۔ اس غلط تاویل کا جو لازمی نتیجہ نکلنا تھا وہی ظاہر ہوا اور ظریف صاحب کا شعرہ حرف بازی اور غیر متعلق بحث سے الجھ گیا۔

حقیقت یہ ہے کہ ظریف صاحب کے خیال کے برعکس اس مضمون میں یہ کہا گیا ہے کہ اسلامی فقہ میں اتنی لچک اور اتنی ہمہ گیریت ہے کہ اس کے قائم کردہ اصول پر عصر حاضر کی زندگی اپنی تمام پیچیدگیوں کے باوجود خالصتاً اسلامی نہج پر بسر کی جا سکتی ہے اور یہ کہ عصر حاضر کے مسائل پر مولوی شدہ کتابیں اسلامی تعلیمات اور عمل پذیری کیلئے بہترین مواد فراہم کرتی ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا ہے کہ بعض فقہی مسالک اور اسکول نسبتاً شدت اور تنگی لیے ہوئے ہوتے ہیں اس لیے ہمیں چاہیئے کہ تمام فقہی مسالک کا اپنے حالات کے مطابق جائزہ لیں اور پھر منتخبہ (المنتخب) عمل کے مطابق عمل پیرا ہوں۔ یہ سلسلہ اسلام میں شروع ہی سے چلا آ رہا ہے۔ نہ یہ کوئی نئی بات ہے اور نہ اس پر کسی اعتراض کی گنجائش ہے۔

قرآن کریم میں جہاں اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کا حکم دیا گیا ہے لیکن (ان قرآنی احکامات زیادہ محدود ہی ہیں) میں سے بہت سے احکام کلی ہوتے ہیں جن کے تحت بہت سی جزئیات ہوتی ہیں۔ اب ہر زمانہ میں پیش آنے والے حالات و حوادث کا حکم گو صراحۃً نصوص قرآنی ہی سے ماخوذ ہو سکتا لیکن ہزار ہا حادثات اور واقعات ایسے ہوتے ہیں جن کا حل براہ راست نصوص قرآن میں تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے قرآن و حدیث ہی سے یہ ثابت ہے کہ ان مسائل کے حل کی تلاش پہلے تو قرآن و حدیث کی روشنی میں کی جائے اور ان کے اندر عقل کی بناء پر قواعد عامہ کا استخراج کیا جائے۔ ہماری شریعت کی تشکیل ہی اسی طرح ہوئی ہے۔ اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کے بعد آگے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اولی الامر منکم کی بھی تعمیل ہو۔ صحابہ کرام نے بیشتر مسائل پر اسی آیت کی روشنی میں اجماع اور ذاتی اجتہاد سے نئے پیدا ہونے والے حالات کا حل تلاش کیا تھا۔ ان کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا اور ملت اسلامیہ نے اپنے معاشرتی نظم و ضبط کے لیے فقہی قواعد و ضوابط کی ایک عظیم الشان عمارت کھڑی کی ہے۔ اس پر مجھے مزید یہ کہنا ہے کہ وہ شخص جس کا یہ گمان ہو کہ شریعت اللہ تعالیٰ نے بندوں کے مصالح کو ملحوظ نہیں رکھتی وہ فہم شریعت سے اور اس کے منصب سے قطعی نابلد ہے۔ اگر دنیاوی مصالح معطل ہو کر رہ جائیں تو اس سے فتنہ کا دروازہ کھلتا ہے۔ اگر ظریف صاحب ذرا غور فرمائیں تو یہ ممکن ہو فتوی ہرگز نہ دیتے کہ سود کو سود سمجھ کر کھاؤ، زنا کرو مگر گناہ سمجھ کر، حرام گوشت ضرور حرام سمجھ کر کھایا جائے وغیرہ وغیرہ۔ ماشاء اللہ! آخر ظریف صاحب کی اسلامی غیرت کو کیا ہوا۔ یہ کس قسم کا اسلام ہوا؟ اور وہ اسلامی قدروں کو کیا سمجھتے ہیں؟

میں نے اپنے مضمون میں جن کتابوں کا حوالہ دیا تھا وہ ابو مسلم اصفہانی، امام ابن تیمیہ، امام ابو جعفر اور احادیث جوزی اور قرآن کریم کی روشنی میں لکھی ہوئی ہیں۔ لیکن جیسا بعض مولانا حفیظ شاہ پھلواری اور حنیف ندوی جیسے بزرگوں نے فقہی مسائل سے متعلق تالیف کیا ہے۔ ظریف صاحب کو ان میں بے دینی کہاں سے نظر آ گئی؟

ظریف صاحب کو چاہیئے کہ وہ اسلام کا مطالعہ دین سمجھ کر کریں نہ کہ محض عقیدہ مذہب بنا کر، کیونکہ دین میں وہ تمام امور شامل ہیں جن کا تعلق سیاست، معیشت، معاشرت اور اخلاقیات یعنی کہ زندگی سے ہوتا ہے۔

محمد حفیظ الکبیر قریشی
[illegible]

پکوان

اخروٹ کی ٹانیاں

اجزاء:

اخروٹ کی گری	ایک پاؤ
دودھ	ایک سیر
کھویا	آدھا پاؤ
چینی	ایک پاؤ
گھی یا مکھن	آدھی چھٹانک

ترکیب:- دودھ کو پکنے کے لئے رکھ دیں۔ اتنا پکائیں کہ پا پاؤ رہ جائے، اب اس میں چینی ملا دیں۔ جب چینی کا پانی خشک ہو جائے تب اس میں اخروٹ کی گری پیس کر ڈال دیں۔ گری بالکل باریک ہونی چاہیے۔ خوب چمچے سے ملائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو آخر میں کھویا ڈال دیں اور چمچے سے ہلاتی رہیں اور خوب ملا کر جب سب چیزیں یکجان ہو جائیں تو ایک تھال میں گھی یا مکھن لگا کر پھیلا دیں۔ اوپر سے ورق لگا دیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو حسب پسند ٹکڑے کاٹ لیں۔ لیجئے اخروٹ کی ٹانیاں حاضر ہیں۔

چائنیز پلاؤ

اجزاء:- چاول آدھ سیر، گھی، آدھا پاؤ، انڈے دو عدد، مرغی ابلی ہوئی کے چند ٹکڑے، ہری پیاز دو عدد، شملہ مرچ کا ہرا حصہ کے چند ٹکڑے، نمک ڈال کر ابلے ہوئے، پیاز مع ہری شاخ کی چار عدد۔

ترکیب:- چاول نمک ڈال کر ابال لیں۔ [illegible] سے چھان لیں۔ سب سبزیاں اور مرغی کے ٹکڑے علیحدہ علیحدہ ابال کر تیار کر لیں۔

ایک دیگچی میں گھی ڈال دیں۔ صرف گرم کریں۔ [illegible] اس میں کٹی ہوئی سبز پیاز و سبز شملہ [illegible] ابلی ہوئی سبزیاں اور مرغی کے ٹکڑے اور دو انڈے [illegible] ڈال دیں۔ ایک دو چمچے چلانے کے بعد [illegible] ڈال دیں اور جلدی جلدی چمچہ چلائیں تاکہ [illegible] نہ جائے گا اور نہ سرخ کیا جائے۔ [illegible] ڈال کر دم پہ لگا دیں۔ پندرہ منٹ کے بعد جب چاول ٹھیک ہو جائیں تو اتار لیں۔ چائنیز پلاؤ تیار ہے۔

پندرہ روزہ
کریسنٹ
بانی ۔ شور شوکت فیڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

سنسنی کون پھیلا رہا ہے؟

پاکستان کی ایٹمی تنصیبات کو تباہ کرنے کی امریکی سازش کا انکشاف امریکہ ہی کے ایک بااثر اور معتبر اخبار نیویارک ٹائمز نے کیا تھا۔ پاکستانی اخبارات نے اس کے حوالے سے یہ خبر شائع کی کہ امریکی حکومت اس سازش کے تحت چھاپہ ماروں کا ایک خفیہ دستہ تیار کر رہی ہے۔ یہ ناممکن تھا کہ امریکہ کی طرف سے اس خبر کی تردید نہ کی جاتی۔ لیکن تردید اس روز نہیں کی گئی جب نیویارک ٹائمز نے خبر شائع کی تھی کیونکہ نیویارک ٹائمز جیسے اخبار پر اگر غلط بیانی کا الزام عائد کر دیا جائے تو امریکی حکام کو معلوم ہے کہ وہ اس کو کبھی برداشت نہیں کرے گا اور اپنی خبر کی تصدیق کے لئے دستاویزی ثبوت اور دوسرے شواہد بھی طشت ازبام کر دے گا۔ یہی وجہ ہے کہ اب تاخیر کے ساتھ تردید جاری کی گئی ہے تو اس میں زیادہ زور اس بات پر دیا ہے کہ پاکستانی اور امریکی اخبارات میں شائع ہونے والی سنسنی خیز اور غلط خبروں سے پاک امریکی تعلقات کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ گویا ان خبروں کی اشاعت سے پہلے تو پاک امریکی تعلقات بہت مثالی نوعیت کے تھے، اخبارات ہی ان کی بیخ کنی کے در پے ہیں۔

اس معاملے میں امریکی اخبارات تو اپنی پوزیشن کی وضاحت خود کریں گے۔ ہم پاکستانی اخبارات کے بارے میں مشورہ کے اس کنایہ پر شدید احتجاج کرتے ہیں کہ وہ امریکہ اور پاکستان کے تعلقات کو ضرر پہنچا رہے ہیں۔ پاکستان کے کم و بیش تمام قومی اخبارات نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اس دیرینہ اصول کو کبھی نظر انداز نہیں کیا، بلکہ حکومت وقت کو بھی ہمیشہ اس پر کاربند رکھنے کی کوشش کی ہے جس میں دنیا کے تمام ملکوں سے باہمی مفاد کے مطابق برابری کی سطح پر تعلقات رکھنے چاہئیں۔ وہ تعلقات پاکستان کے اخبارات ہی نہیں، پاکستان کے کسی فرد کو منظور نہیں جن میں کوئی ملک اپنی رائے کو پاکستان کے داخلی معاملات پر ٹھونسنے کی کوشش کرے۔ پاکستان میں ایٹمی توانائی کی ترقی کے بارے میں امریکہ نے اسی غلطی کا ارتکاب کیا ہے اور پھر اس پر اصرار کر کے خود امریکی حکومت دونوں ملکوں کے تعلقات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ امریکی حکومت کے ترجمان ہی آئے دن پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے متعلق بے بنیاد اور من گھڑت قصے بیان کر کے سنسنی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں، اور اس حقیقت پر اپنی چرب زبانی کا پردہ ڈالتے ہیں کہ اسرائیل اور بھارت کی ایٹمی تنصیبات کو امریکہ کی جانب سے اخلاقی اور مادی تعاون حاصل ہے اور ان دونوں ملکوں کی تنصیبات کو بین الاقوامی معائنے کا پابند بنانے کی جب بات کی جاتی ہے تو امریکی حکومت ہنس کر معذرت کر لیتی ہے۔ مگر پاکستان کو وہ کسی قیمت پر برابر کا درجہ دینے کو تیار نہیں۔ پاکستان نے اس معاملے میں جس قدر صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا ہے وہ کسی کی نظروں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اس کے برعکس امریکہ اس حد تک آگے جا چکا ہے کہ اس نے پاکستان کی ترقیاتی امداد بھی بند کر دی ہے۔ اس پس منظر میں اگر واشنگٹن کے سرکاری حلقوں میں ہلاکت فورس کی تشکیل کی سرگوشیاں سنی جاتی ہیں تو اس پر کسی کو تعجب ہوگا؟ اس معاملے میں سنسنی خیزی کا الزام اگر کسی پر آتا ہے تو خود امریکی حکومت اور اس کے ترجمانوں پر آتا ہے۔ آخر کس نے پاکستان کے مفروضہ ایٹم بم کو "اسلامی بم" کا نام دے کر پوری دنیا کے مذہبی جذبات سے کھیلنے کی مذموم کوشش کی؟ کیا اسرائیل حلیب و ہلال کو ذہنوں میں تازہ کرنے کا یہ کارنامہ ایک امریکی ترجمان ہی نے انجام نہیں دیا ہے؟ کیا پاکستان کی جانب سے بار بار کے انکار کے باوجود امریکی حکومت ہی یہ داستان طرازی نہیں کر رہی ہے کہ پاکستان میں ایٹمی ہتھیار بنانے کی تیاری ہو رہی ہے؟ حد تو یہ ہے کہ حالیہ خبروں کی تردید کے ساتھ ہی وزارت خارجہ کے ترجمان تھامس ریسٹن نے اس بہتان کا اعادہ کیا ہے۔ مسٹر ہڈنگ کو چاہیے کہ پاک امریکی تعلقات کو ضرر پہنچانے والے دوسرے اسباب کی شکایت کرنے سے پہلے ذرا اپنی حکومت کو اس بہتان طرازی سے باز رہنے کا مشورہ دیں کیونکہ اس کی بدولت پاک امریکی تعلقات پہلے ہی خاصی نازک صورتحال سے دوچار ہیں۔

مدیر ناصر جلالی کراچی

اقتدار سے محرومی نے انہیں پاگل کر دیا ہے، وہ انتقام کی آگ میں پاکستان کی سالمیت کو بھی بھسم کر ڈالنا چاہتے ہیں

لیاقت باغ فائرنگ کیس کے بھگوڑے افغانستان پہنچ گئے

کابل میں پیپلز پارٹی کے تخریب کاروں کا خفیہ ٹریننگ سنٹر

پاکستان میں مرحوم اقتدار مسٹر بھٹو کے اقتدار کا سورج غروب ہوا اور بھٹو خاندان پیپلز پارٹی کے تمام شدت پسند عناصر نے اخراج پاکستان اور خود پاکستان سے بھی محرومی کا انتقام لینے کے لیے منصوبوں کا آغاز کر دیا تھا۔ اقتدار سے محرومی کا غم پیپلز پارٹی کا ہر جیالا سینے میں لیے بیٹھا ہے۔ ان لوگوں نے اپنے دور اقتدار میں پاکستان کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا۔ کوٹھیوں سے لے کر کوٹھوں تک بیسیوں محفلیں سجائیں۔ غریب کے حقوق کے تحفظ کا نعرہ لگا کر غریب سے اس کا حق اور اس کی روٹی تک چھین لی۔

تخریب کاری کا پہلا اڈہ

اس بیہمک دور کے خاتمے کے بعد جب مسند اقتدار چھن گئی تو محرومی اقتدار کا تنکا اور انتقام کی آگ بجھانے کے لیے انہوں نے وطن دشمن کارروائیاں شروع کر دیں۔ تخریب کاری کے انتہائی مذموم اور بھیانک منصوبے بنائے جن میں اہم عمارتوں کو نذر آتش کرنے، پلوں اور اہم تنصیبات کو بارود سے اڑانے، مخالف عناصر کو اغوا کرنے اور قتل کرنے اور ملک میں کمل وہ ابتری پیدا کرنے کے ان گنت منصوبے بھی شامل تھے۔ بھٹو کی گرفتاری کے بعد پیپلز پارٹی کے کئی لیڈر ملک سے فرار ہو گئے اور بیرون ملک جا کر وطن دشمنی کا پرچار کرنے لگے۔ مسٹر بھٹو کے دست راست مصطفٰے کھر نے مرتضٰی بھٹو اور شاہنواز بھٹو کے ساتھ مل کر لندن میں اینٹی پاکستان مہم شروع کر دی۔ ابتداء میں انہوں نے لندن کو پاکستان دشمن سرگرمیوں کا مرکز بنا لیا۔ جس میں جام صادق علی بھی ان سے جا ملا۔ بھٹو کو بچانے اور پاکستان کو مٹانے کے لیے جو منصوبے انہوں نے بنائے ان سے پاکستان کا ہر فرد آشنا ہے۔ بھٹو کو بچانے کیلئے عرب ملک اور دوسرے ذرائع سے کروڑوں روپیہ اکٹھا کیا۔ اس دولت سے کھر اور اس کے دوستوں نے کھل کر عیاشیاں کیں۔ بھٹو کا غم بھلانے کے لیے شراب و شباب کی محفلیں سجائیں۔ اسی دولت کی رقم پاکستان کے خلاف سازشوں کی تیاری میں استعمال ہو رہی ہے۔

تخریب کاری کا دوسرا اڈہ

پیپلز پارٹی کے مفرور تخریب کاروں نے اب پاکستان کی سرحدوں کے بالکل قریب ایک دوسرا خفیہ اڈہ قائم کر لیا ہے۔ جہاں بے شمار تخریب کاروں کو پاکستان میں تخریب کاری اور توڑ پھوڑ کی باقاعدہ تربیت دی جا رہی ہے۔ نامہ نگار نے کابل میں پیپلز پارٹی کے مفرور عناصر کی وطن دشمن سرگرمیوں کی جو اطلاعات فراہم کی ہیں انتہائی ہولناک ہیں۔ ان تفصیلات کو پڑھنے کے بعد اہل وطن کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے۔ یہ تمام تفصیلات نامہ نگار "ورگ" نے انتہائی تحقیق اور اہم خفیہ ذرائع سے

کوڈ ورڈ

پیپلز پارٹی کے بھگوڑوں اور تخریب کاروں کا یہ اڈہ کابل ہی میں زینب منزل روڈ پر ایک عالیشان عمارت میں واقع ہے۔ اس اڈہ کا نام "خفیہ ہاؤس" (SECRET HOUSE) ہے۔ ہماری اطلاعات کے مطابق یہ خفیہ ہاؤس زینب منزل روڈ پر چائنیز ریسٹورنٹ کے بائیں جانب چند میٹر دور واقع ہے۔ اڈے کے باہر ایک سنتری کھڑا ہے جو باقاعدہ جانچ پڑتال کے بعد اندر جانے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اڈے کے اندر جانے کے لیے ہر روز نیا کوڈ ورڈ جاری کیا جاتا ہے۔ سنتری کو یہ حکم ہے کہ کوئی بھی مشکوک آدمی اندر سے گزرنے کی کوشش کرے تو اسے گولی مار دی جائے۔ ہماری اطلاعات کے مطابق اس وقت پیپلز پارٹی کے پچاس کے قریب تخریبی عناصر اس اڈے میں موجود ہیں۔ ان میں پیپلز پارٹی کے بعض سابق وزراء، سیاسی میکرٹری اور ممبران اسمبلی کے علاوہ پیپلز پارٹی کے کارکن بھی شامل ہیں۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ کابل میں واقع اس خفیہ ہاؤس میں بیشتر افراد لیاقت باغ فائرنگ کیس میں مطلوب ہیں، جنہیں پولیس مسلسل تلاش کر رہی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر بھٹو کے سابق سٹاف کا ایک اعلیٰ افسر جو کہ حال ہی میں پاکستان آ رہا تھا اسی خفیہ ہاؤس میں تخریبی عناصر سے ملاقات کر کے آیا ہے۔ اس افسر نے وہاں پر موجود پارٹی کے کارکنوں اور لیڈروں کو ہدایات بھی دی ہیں اور انہیں مالی امداد بھی پہنچائی ہے۔ پچھلے ماہ مسٹر بھٹو کے صاحبزادے مرتضٰی بھٹو بھی اس خفیہ ہاؤس میں آیا تھا۔ اس کے قیام کے دوران حفاظتی انتظامات سخت کر دیے گئے تھے۔ مرتضٰی بھٹو کے قیام کے دوران موجودہ حکومت کے خلاف گڑبڑ پھیلانے اور ملک میں تخریب کاری کرنے کے کئی منصوبوں پر غور ہوا۔ اسی ضمن میں مسٹر کھر کی ضرورت شدت سے محسوس ہوئی۔ لہٰذا اب مسٹر کھر خفیہ ہاؤس کا دورہ کرنے والے ہیں۔ ان کے ہمراہ لندن سے دیگر کارکنوں کی بھی شرکت متوقع ہے۔

اسلحے کی اسمگلنگ

ہماری اطلاعات کے مطابق اس خفیہ اڈہ میں پارٹی کے کارکنوں کو تخریب کاری کی باقاعدہ تربیت دی جا رہی ہے۔ تخریب کاری کے لیے ان لوگوں کی اسلحہ کی ضرورت اسمگلنگ سے پوری کی جا رہی ہے۔ یہ اسلحہ بارڈر سے خرید کر پاکستان میں اسمگل کر دیا جاتا ہے۔ کئی تخریب کار اسلحہ اسمگل کرنے کی کوشش میں گرفتار بھی ہو چکے ہیں۔ جو اسلحہ پاکستان میں اسمگل ہو رہا ہے اس میں زیادہ تر خودکار بندوقیں، دستی بم اور ڈائنامیٹ شامل ہے۔ اس طرح کابل کے اس خفیہ ہاؤس میں پاکستان کے وجود کے خلاف ان گنت سازشیں جنم لے رہی ہیں۔

●●



نور بصیرت

نماز باجماعت

علامہ اقبالؒ اپنے انگریزی خطبات میں لکھتے ہیں:

"عبادت کا اصل مقصد اس وقت بہتر طور پر حاصل ہوتا ہے جب وہ اجتماعی ہو۔ ہر حقیقی عبادت کی روح اجتماعی ہے۔ اجتماعی عبادت ایسے افراد پر مشتمل ہوتی ہے جو ایک ہی جذبے سے سرشار ہوتے ہیں، ایک مقصد پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوتے ہیں، اور ایک ہی کیفیت کا اثر قبول کرنے کے لیے اپنی اندرونی شخصیت کے دروازے کھولے ہوتے ہیں۔۔۔ یہ نفسیاتی حقیقت ہے کہ اجتماع میں عام آدمی کی قوت مشاہدہ کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ اس کے جذبات میں گہرائی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کی قوت ارادی میں اس حد تک اضافہ ہو جاتا ہے جس کا تصور وہ اپنی انفرادی ذات میں کبھی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

"اجتماعی عبادت کے ذریعہ روحانی تنویر کو عام کرنا اسلام کی خاص چیز ہے۔ اگر ہم پنجگانہ نماز باجماعت سے گزر کر حج کی سالانہ تقریب کی طرف جائیں تو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں کہ اسلام کا طریق عبادت کس طرح آہستہ آہستہ انسانی اجتماع کے حلقہ کو بڑھاتا جاتا ہے۔

"عبادت، خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی، انسان کی اس پکار کا اظہار ہے جو وہ کائنات کی ہیبت ناک خاموشی میں جواب کی خواہاں رہتی ہے۔

"بدن کی ظاہری صورت مخصوص ذہنی کیفیت پیدا کرنے میں خاص طور سے مدد ثابت ہوتی ہے۔ نماز میں ایک سمت (قبلہ) کا تعین اجتماع کے اندر وحدت احساس پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اس کی ظاہری صورت نمازیوں کے اندر معاشرتی مساوات پیدا کرتی ہے اور انھیں رتبہ یا خاندان کی برتری کے احساس سے بچاتی ہے۔

"قرآن پاک کے مطابق خالق انفرادی شخصیت کا تعلق زندگی اور آزادی کے سرچشمہ (حق تعالیٰ کی ذات) سے بیگانہ ساقط قائم کر کے فرد میں اثبات پیدا کرتی ہے اور اس کی شخصیت کو استحکام بخشتی ہے۔ نماز پنجگانہ کے اوقات اس طرح مقرر کئے گئے ہیں کہ فرد کو نیند اور کاروبار کے مشینی اثرات سے بچایا جائے۔

"نیک نامی"

ساری دنیا آپ کی حامی رہی
ہر قدم پر مجھ کو ناکامی رہی
نیک نام اسلام میں رکھے خدا
کفر کے حلقے میں بدنامی رہی

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

نماز مومن کا نور ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کر گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو نہیں دیکھتا تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

بہت سے آدمی عبادت وغیرہ میں مشقت اٹھاتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ کے سامنے دعا کے لئے ہاتھ پھیلاتے ہیں اور یارب! یارب! پکارتے ہیں، مگر کھانا ان کا حرام، پینا ان کا حرام، لباس ان کا حرام، تو ان کی دعا کہاں قبول ہو سکتی ہے۔



کیا ٹکا خان کی وہ کارروائیاں بھلا دی گئیں جن سے ہزاروں بلوچ تباہ ہو گئے؟

انتظامیہ نے آج تک کسی پارٹی کو جلوس کی اجازت نہیں دی، پیپلز پارٹی کو یہ اجازت کیسے دے دی گئی

بھارت کے مشرقی علاقے میں علیحدگی کی تحریکوں نے تشویشناک صورت اختیار کر لی

نئی دہلی ـــــ بھارت کے مشرقی علاقے میں علیحدگی کی تحریکوں نے تشویشناک صورت اختیار کر لی ہے ... بھارت کی معیشت بری طرح متاثر ہوئی ہے۔

جمشید پور میں ہلاک شدگان کی تعداد ۱۲ ہو گئی

سرحد میں بلدیاتی انتخابات ۲۵ ستمبر کو ہوں گے انتخابی پروگرام کا اعلان اتوار یا پیر کو ہو گا؟

قومی اتحاد بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے گا نہ نتائج تسلیم کرے گا: مفتی محمود

عوام کے خلاف کسی بھی اقدام میں حکومت سے تعاون نہیں کیا جائے گا

اتحاد کا موقف واضح ہے۔ عام انتخابات سے قبل بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ناقابل فہم ہے

ایس ایم ظفر کی لبرل پارٹی کے صدر سے ملاقات

پنجاب بھر کے اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ ۲۵ ستمبر کو ہو گی

ووٹروں کی فہرستیں ۴ ستمبر کو ریٹرننگ افسروں کے دفاتر میں رکھ دی جائیں گی

امیدوار ۸ سے ۱۰ ستمبر تک کاغذات نامزدگی داخل کر سکیں گے

بھارت میں ہیضے سے ۳۵۰ افراد ہلاک

لاہور اور کراچی کے درمیان نئی ایکسپریس ٹرین

الوالخیر کی وفات پر صدر مملکت کا اظہار غم

For your dining pleasure, THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs
AKBAR'S COURT
384 YONGE ST. at Gerrard
Tel. 595-1725
Fast Take-out and Delivery

OTHER LOCATION
the RAJPUT I
376 Bloor St. W.
921-3679
HOURS: Monday to Saturday
12 noon till midnight
Sunday 5 - 10 p.m.

مولانا شاہ احمد نورانی اور اصغر خان کو ہر قیمت پر قومی اتحاد میں واپس لایا جائے (چودھری ظہور الٰہی)

ایلس انٹرنیشنل
سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

ایکٹ میں ترامیم کا مقصد سیاسی جماعتوں کو مضبوط و موثر بنانا ہے

جو پارٹی اپنی صفوں میں جمہوریت نہیں لا سکتی وہ جمہوری عمل میں شرکت کی اہل نہیں

قوم سے صدر ضیاء الحق کا خطاب

راولپنڈی ــــ [illegible]

[illegible]

صدر کی تقریر کے اہم نکات

راولپنڈی ــــ [illegible]

[illegible]

صدر جنرل محمد ضیاء الحق راولپنڈی میں نماز عید کے بعد لوگوں سے مصافحہ کر رہے ہیں

سرکاری کاؤنٹ میں کاروں کی درآمد بالکل بند کر دی جائے گی

درآمدی پالیسی میں جلد ہی بنیادی تبدیلیاں۔ ترکی فری لسٹ کو مختصر کیا جا رہا ہے

لاہور ــــ [illegible]

[illegible]

ممتاز بھٹو [illegible]

کھر کے دماغ میں بدمعاشی ہے۔ کوثر نیازی پیتے پلاتے اور دوسرے شغل بھی کرتے تھے

میری پارٹی میں بڑے حرامزادے لوگ تھے۔ اصغر خان سیاسی آدمی نہیں۔ بے نظیر کی زبانی بھٹو کے ارشادات

کراچی ــــ [illegible]

[illegible]

پگارہ مسلم لیگ نے کارکنوں کو آزادانہ حیثیت میں بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دیدی

ہم مذہبی جنونیوں کی بجائے نظریہ پاکستان پر یقین رکھنے والے افراد کا انتخاب چاہتے ہیں: نائب صدر

کراچی ــــ [illegible]

[illegible]

[illegible]

کرنسی نوٹوں سے شاہ کی تصویر نکال دینے کا فیصلہ

تہران ــــ [illegible]

[illegible]

پیپلز پارٹی نے بھٹو کی وصیت تیار کرنے کیلئے خفیہ کمیٹی قائم کر دی

فوجی حکومت کو بدنام کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا۔ پارٹی کے کارکن اسی وصیت کو نشر کریں گے

کراچی ــــ [illegible]

[illegible]

لارڈ ماؤنٹ بیٹن پاکستان جانے والے تھے؟

اسلام آباد ــــ [illegible]

[illegible]

[illegible]

غلام فرید صابری برادران کو شہنشاہ قوال کا خطاب

لاہور ــــ [illegible]

[illegible]

ہدایت اللہ نے بھارت کے نائب صدر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا

نئی دہلی ــــ [illegible]

[illegible]

بلوچستان میں اپیل کورٹ نے کام شروع کر دیا

کوئٹہ ــــ [illegible]

[illegible]

[illegible]

جمشید پور کے بعد مقبوضہ کشمیر میں بھی خونریز مسلم کش فساد

ملٹری اور سینٹرل ریزرو پولیس کی ۱۸ کمپنیاں تعینات کر دی گئیں

کرفیو کے باوجود متحارب گروپوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ... پولیس نے بھی فائرنگ کی

فسادات پر امیر جماعت اسلامی ہند مولانا محمد یوسف اور ... جگجیون رام کا اظہار تشویش

مسلم لیگی دھڑوں کو متحد کرنے کے سلسلے میں چٹھہ گروپ میں شدید اختلافات پیدا ہو گئے

چودھری محمد حسین چٹھہ کے پیغام کے باوجود ملک محمد قاسم نے استعفیٰ دینے سے انکار کر دیا

پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈی نینس ۱۷ نومبر سے قبل منسوخ کر دیا جائے گا

اعجاز عظیم کو لیفٹیننٹ جنرل بنا دیا گیا

متناسب نمائندگی کی وہی صورت بہترین ہے جس کا اعلان کیا جا چکا ہے: جسٹس حمود الرحمٰن

بلدیاتی اداروں کو صدر کے انتخاب کے لیے انتخابی ادارہ نہیں بنایا جائے گا

جسٹس حمود الرحمٰن

مقبوضہ بیت المقدس میں بم کا دھماکہ

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

پاکستان کو غیر جانبدار تحریک کا مکمل رکن بنا لیا گیا

تمام ممالک نے پاکستان کے رکن بننے کے اعلان کا خیر مقدم پرجوش تالیوں سے کیا

ہم تحریک کے اتحاد و استحکام کیلئے پر خلوص تعاون کا عہد کرتے ہیں: آغا شاہی کی یقین دہانی

ہوانا ——— (عارف نظامی سے) پاکستان کو غیر جانبدار تحریک کا مکمل رکن بنا لیا گیا ہے یہ فیصلہ گذشتہ شب وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں کیا گیا۔

یحییٰ خان اور بھٹو نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مشرقی پاکستان کو علیحدہ کرایا تھا

ٹکا خان نے مشرقی پاکستان میں ہلاکو کا کردار ادا کیا تھا

سقوط مشرقی پاکستان کے ذمہ دار یحییٰ، بھٹو اور مجیب تھے: میجر جنرل اے کے نیازی

ملتان ——— (پ پ) پاکستان جمہوری پارٹی کے سربراہ ریٹائرڈ میجر جنرل اے کے نیازی نے کہا ہے کہ ان کی جماعت بلدیاتی انتخابات عام انتخابات سے پہلے کرانے کے حق میں ہے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے پہلے کپتان میاں محمد سعید انتقال کر گئے

لاہور ——— (پ پ) پاکستان کرکٹ ٹیم کے پہلے کپتان میاں محمد سعید آج سہ پہر یہاں یونائیٹڈ کرسچن ہسپتال میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔

صدر کی تقریر سے مایوسی ہوئی نظریہ پاکستان کی پہلے وضاحت کر کے کارروائی کی جائے: ہزاروی

فوج اور عدلیہ کے غلط اقدامات پر تنقید کا حق ہے سیاسی جماعتوں پر پابندی واپس لینے کا مطالبہ

پاکستان نے پی آئی اے کی پروازوں سے متعلق امریکی تجویز مسترد کر دی

امریکہ نے پروازوں پر سبسڈی ختم کرنے کا اصرار کیا ہے معاملہ ۲ ماہ کیلئے سرد خانے کی نذر ہو گیا

کیمبرج یونیورسٹی میں علامہ اقبال اسکالرشپ دی گئی

لندن ——— (پ پ) کیمبرج یونیورسٹی اپنے ایک کالج میں علامہ اقبال اسکالرشپ دے گی۔

برطانوی طیارہ ساز کمپنی نے اندرا گاندھی کو چرن سنگھ کی مخالفت پر اکسایا تھا

حکومت جیگوار طیاروں کی خریداری کی تحقیقات کرانا چاہتی تھی

سودا منسوخ ہو جانے پر کمپنی کو ۰۰ ارب ڈالر کا نقصان ہوتا: راج نارائن

فردوسی سپر مارکیٹ

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2774 Dundas St.West

Toronto, Ont.

فلمی آئینۂ جہاں

میکسیکو میں فلموں کی سالانہ آمدنی ۱۴۴ کروڑ روپے

[illegible]

بھارتی وزیر اعظم چرن سنگھ

مشہور فلم ڈائریکٹر چیتن آنند کی نظر میں

[illegible]

بین الاقوامی شہرت یافتہ اداکار جان وین

نے چودہ کروڑ روپے کی املاک چھوڑی ہیں

[illegible]

روس و جاپان کی مشترکہ فلم

[illegible]

لکشمی چوک

تحریر: یاسین گوریجہ

[illegible]

راحت کاظمی اور بابرہ شریف

[illegible]

سمیع اللہ

تنویر الزماں

سلیم شیروانی

سلیم شیروانی کا قصور معاف کیا جائے

[illegible]

ٹورانٹو کنیڈا

ہفت روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۲۳ شوال ۱۳۹۹ھ | ۱۵ ستمبر ۱۹۷۹ء | شمارہ ۱۴۳

پاکستان رکاوٹوں کے باوجود ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کر کے رہے گا

ہم نے پُرامن پروگرام کیلئے ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کا تہیہ کر لیا ہے۔ اقتصادی ترقی ہر قوم کا بنیادی حق ہے۔ ترقی یافتہ ممالک اپنی ذمہ داریاں محسوس کر لیں تو وہ ترقی پذیر ملکوں کی ترقی میں مدد کر سکیں گے

پاکستان کا مسئلہ منصوبہ بندی نہیں عملدرآمد ہے۔ ترجیحات کا تعین معقول اور متوازن ہونا چاہئے۔ حکومت کی حکمت عملی سے سرکاری اور نجی شعبوں کو اپنا کردار ادا کرنے کا موقع ملا ہے۔ لاہور میں خطاب

ٹھوس اقدامات نہ کئے گئے تو افلاس زدہ افراد کی تعداد ایک ارب اکروڑ ہو جائے گی

دنیا کو خوشحال زندگی گذارنے کی جگہ بنانے کے لئے تمام قوموں کو ایک قوم کی طرح رہنا چاہئے

اسلامی نظام مسائل کے حل کا بہترین ذریعہ ہے۔ زکوٰۃ و عشر سے ارتکاز دولت کی حوصلہ شکنی ہو گی

مارشل لاء کا فائدہ نظریہ پاکستان کے مخالفین کو پہنچ رہا ہے۔ پروفیسر غفور

تعاون ہم نے کیا، مُحبت تعاون نہ کرنے والوں کی گئی۔ نائب امیر جماعت

بلدیاتی انتخابات پر اصرار کیوں ہے؟ عام انتخابات مسائل کا واحد حل ہیں۔ فاروقی

نورانی میاں کے لب و لہجہ پر کڑی تنقید۔ اجتماع سے لاکھانی اور منور حسن نے بھی خطاب کیا۔

کراچی ۔۔۔ ...

”حسٹس آف پیس“

اینڈریو ینگ کو دورہ ایران کی دعوت

تہران ۔۔۔ ...

جنگ کی نوبت نہ آئے

پاکستان پر کشمیر کا مسئلہ

مسرت حسین زبیری نیشنل پریس ٹرسٹ کے چیئرمین ہونگے

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent کریسنٹ انٹرنیشنل

339 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"